سوال

(198)ورلڈکپ پر شرط لگانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دو آدمیوں نے آپس میں شرط لگائی ۔ ایک کا کہنا تھا کہ ورلڈکپ پاکستان جیتے گا، جبکہ دوسرے کا کہنا تھا کہ پاکستان نہیں جیتے گا ۔ دونوں نے شرط یہ لگائی تھی کہ جو ہارے گا وہ ساری بس کو کھانا کھلائے گا ۔ کیا یہ کھانا جائز ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس طرح کی شرطیں لگانا حرام اور ناجائز ہیں، کیونکہ یہ جوا کے زمرے میں آجاتی ہیں، اللہ تعالی نے جوا حرام قرار دیا ہے، لہذا اس میں سے کھانا حرام پر تعاون ہے، اور کھانا حرام ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی